# ترتیبِ سوالات برائے جانچ

جماعت=بارہویں　　مضمون=اردو　　وقت=۳ گھنٹے　　نمبرات=۱۰۰

سوال نمبر۱۔نصابی کتاب کے نثری اسباق سے لئے گئے اقتباس کے آخر پر دئے گئے پانچ سوالات کے جواب لکھنا۔ 5x2=10

سوال نمبر۲۔نصابی کتاب کے نثری اسباق سے لئے گئے چار سوالات میں سے دو کے ساٹھ سے اسی الفاظ میں جواب لکھنا۔ 2x4=8

سوال نمبر۳۔شاملِ نصاب نثری اصناف میں سے کسی ایک نثری صنف پر نوٹ لکھنا۔ 6

سوال نمبر۴۔شاملِ نصاب نثر نگاروں میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی یا ادبی کارناموں پر نوٹ لکھنا۔ 6

سوال نمبر۵۔نصاب میں شامل منظومات، مراثی، قصائد یا مثنوی میں سے لئے گئے شعری حصوں کے آخر پر دئے گئے پانچ سوالات کے مختصر جواب لکھنا۔ 5x2=10

سوال نمبر۶۔غزلیہ حصے اور غزل گو شعراء سے متعلق پوچھے گئے چار سوالات میں سے دو کے جواب لکھنا۔ 2x5=10

سوال نمبر۷۔دیگر اصناف شعر یا شعراء کے متعلق پوچھے گئے دو سوالات میں سے ایک کا جواب لکھنا۔ 6

سوال نمبر۸۔دی گئی چار ادبی اصطلاحات میں سے دو کی مختصر وضاحت کرنا۔ 2x2=4

سوال نمبر۹۔ادبی تحریکات اور تاریخ کے متعلق پوچھے گئے چار سوالات میں سے دو کے مفصل جواب لکھنا۔ 2x71/2=15

سوال نمبر۱۰۔خط یا درخواست تحریر کرنا۔ 8

سوال نمبر۱۱۔دئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر دو سو الفاظ کا مضمون لکھنا یا اخباری رپورٹ تحریر کرنا۔ 12

سوال نمبر۱۲۔پانچ معروضی سوالات کے جواب چُننا، ہر سوال کے ساتھ چار ممکنہ جوابات دئے ہوں گے۔ 5x1=5

# پرچہ نمونہ برائے بارہویں جماعت

مضمون اردو نمبرات ۱۰۰ وقت ۳ گھنٹے

سوال نمبر۱۔ درجِ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ 5x2=10

"لیکن تھوڑی دیر کے بعد ان میں سے ایک نہ ایک پھر نیچا ہو جاتا۔ وہ لمحے جن کے دوران میں میرے ہاتھ اور میرا جسم دونوں برابر ایک ہی بلندی پر واقع ہوں، بہت ہی کم تھے اور ان میں بھی یہی سوچتا رہتا تھا کہ گدی پہلے بیٹھے گی یا ہینڈل۔ چنانچہ نڈر ہو کر نہ بیٹھتا بلکہ جسم کو گدی سے قدرے اوپر ہی رکھتا لیکن اس سے ہینڈل پر اتنا بوجھ پڑتا کہ وہ نیچا ہو جاتا۔ جب دو میل گذر گئے اور بائیسکل کی اُٹھک بیٹھک نے ایک مقرر باقاعدگی اختیار کر لی تو فیصلہ کیا کہ مستری سے پیچ کسوا لینے چاہیں۔ چنانچہ بائیسکل کو ایک دکان پر لے لیا۔"

الف۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہے؟

ب۔ راوی نڈر ہو کر بائیسکل پر کیوں نہیں بیٹھتا تھا؟

ج۔ کون سے لمحے بہت کم تھے؟

ج۔ آخر کار بائیسکل کو کہاں لے کر گئے؟

ہ۔ درجِ ذیل الفاظ کے جملے بنائے

لمحے، بوجھ، باقاعدگی، فیصلہ

یا

"زلزلے کا زور تھا تو ہم نے مس جو سے کہا "بی بی! ہمیں آسمان سے آنے والی بلاؤں سے بالکل ڈر نہیں لگتا۔ فلکِ کج رفتار سے یوں بھی ہماری پرانی آشنائی ہے۔ ہمیں کوئی چھتری دیجیے جو ہمیں زمین کے نیچے سے آنے والی بلاؤں سے محفوظ رکھ سکے۔ جاپان اتنا ترقی یافتہ ملک ہے، آپ نے ایسی چھتری ضرور ایجاد کی ہوگی۔"

الف۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہے؟

ب۔ مس جو سے مصنف نے کیا کہا؟

ج۔ کون ترقی یافتہ ملک ہے؟

د۔ زمین کے نیچے سے آنے والی بلاؤں سے بچنے کے لئے مصنف نے کیا مانگا؟

ہ۔ جملوں میں استعمال کیجئے

زلزلہ، کج رفتار، محفوظ، ترقی یافتہ

سوال نمبر۲۔ درجِ ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے پچاس سے ساٹھ الفاظ میں جواب لکھئے: 2x4=08

الف۔ افسانہ ''گلی ڈنڈا'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔

ب۔ مرزا کے بائیسکل کی مجمل ہیت کیسی تھی؟

ج۔ شبلی کے نزدیک شاعری کے لئے کون سی چیزیں ضروری ہیں؟

د۔ ''مرغ بازی'' کا مختصر خلاصہ لکھئے۔

سوال نمبر۳۔ افسانہ یا سوانح عمری پر نوٹ لکھئے۔ 06

سوال نمبر۴۔ سرسید احمد خان کے حالاتِ زندگی یا پریم چند کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھئے۔ 06

سوال نمبر۵۔ درجِ ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس کے آخر پر دئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ 5x2=10

کب لوٹ جھپٹ سے ہستی کی
دُکانیں خالی ہوتی ہیں
یاں پربت پربت ہیرے ہیں
یاں ساگر ساگر موتی ہیں
کچھ لوگ ہیں جو اس دولت پر
پردے لٹکاتے پھرتے ہیں
ہر پربت کو ہر ساگر کو
نیلام چڑھاتے پھرتے ہیں۔

الف۔ یہ شعری بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کون ہیں؟

ب۔ اس بند کے آخری شعر کی تشریح کیجئے۔

ج۔ پربت پربت اور ساگر ساگر کیا ہیں؟

د۔ کچھ لوگ کیا کرتے ہیں؟

ہ۔ کس چیز کو نیلام کیا جاتا ہے؟

یا

پر آہ آہ شمر نے بڑھ کر غضب کیا — سینے پر موزہ، حلق پر خنجر کو رکھ دیا

چلاتے آئے قبر سے محبوبِ کبریا — باہیں گلے میں ڈال دیں خنجر پکڑ لیا

زہراؑ پکاری یہ دلِ حیدر کا چین ہے

میرا حسینؑ ہے ارے میرا حسینؑ ہر

الف۔ اس شعری بند کے شاعر کا نام بتائے؟

ب۔ شمر نے کیا کیا؟

ج۔ محبوبِ کبریا کن کے لئے استعمال ہوا ہے؟

د۔ زہراؑ نے کیا کیا؟

ہ۔ اس بند کو نثر میں لکھئے۔

سوال نمبر۶۔ درجِ ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب ساٹھ سے ستر الفاظ میں لکھئے۔ 2x5=10

الف۔ غزل کے فن کی وضاحت کیجئے۔

ب۔ مرزا غالبؔ یا پروین شاکرؔ کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

ج۔ حیدر علی آتشؔ کے حالاتِ زندگی قلمبند کیجئے۔

د۔ میر تقی میرؔ کی شاعرانہ عظمت پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۷۔ نظم ''حسن اور مزدوری'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے 06

یا

فیض احمد فیضؔ یا سردار جعفری کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۸۔ صرف دو اصطلاحات کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ 2x2=4

حسنِ تعلیل، لف ونشر، تلمیح، ردیف

سوال نمبر۹۔ درجِ ذیل میں سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ 2x71/2=15

الف۔ علی گڑھ تحریک کی ادبی خدمات کی وضاحت کیجئے۔

ب۔ ترقی پسند تحریک کا پسِ منظر بیان کیجئے۔

ج۔ خطوطِ غالب کے امتیازات کی نشاندہی کیجئے۔

د۔ دبستانِ دلی کی شعری خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۱۰۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معاف کرنے کی درخواست لکھئے۔ 08

یا

اپنے بھائی کے نام خط لکھ کر اُنہیں دسویں کے امتحان کے لئے سخت محنت کرنے کی تلقین کیجئے۔

سوال نمبر۱۱۔ درجِ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر دوسو الفاظ کا مضمون لکھئے: 12

ورزش صحت کے لئے ضروری ہے

جنگلات سے زندگی ہے

موبائیل فون کے فائدے

یا

اپنے اسکول میں منعقدہ یومِ والدین یا کسی اور تقریب کے متعلق ایک اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۱۲۔ درجِ ذیل سوالات کے جواب صرف ایک یا دو الفاظ میں لکھئے۔ 5x1=05

الف۔ آپ کی اردو درسی کتاب کا نام کیا ہے؟

ب۔ ''مرحوم کی یاد میں'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

ج۔ مرزا غالب کا مزار کہاں ہے؟

د۔ 'مس جو' کس مضمون کا کردار ہے؟

ہ۔ اردو کس زبان کا لفظ ہے؟